ارباب دانش وبینش نہ صرف اس کتاب کو حاصل کر کے خود پڑھیں گے بلکہ نوجوان نسل اور بھٹکے ہوئے بڈھوں کو بھی پڑھائیں گے تاکہ وہ حقیقت سے آگاہ ہوسکیں۔

(۲)

معجم القرآن۔ از سید فضل الرحمٰن صاحب

قیمت: -/۷۰ روپے۔ ملنے کا پتہ: ادارہ مجددیہ ناظم آباد نمبر ۳۔ کراچی نمبر ۱۸۔

کراچی کے مشہور عالم نقشبندی مجددی بزرگ مولانا سید زوار حسین رحمہ اللہ تعالیٰ ایک متبع سنت اور عالم باعمل شیخ طریقت ہونے کے ساتھ کہنہ مشق مصنف، مؤلف اور مترجم تھے۔ جنکا علمی وکتابی ذخیرہ ان کی حسنات کا سب سے عظیم ذخیرہ ہے۔ اس ذخیرہ کو حسن وخوبی کے ساتھ چھاپنے کا سہرا مرحوم کے ایک علمی زاد حاجی محمد ... صاحب کے سر ہے جو نہ صرف اچھے کاتب ہیں بلکہ نشر واشاعت کا اچھا ذوق بھی رکھتے ہیں۔

اصل خوشی یہ ہے کہ شاہ صاحب مرحوم کے بعد ان کے فرزند رشید سید فضل الرحمٰن صاحب نے اپنے والد گرامی کے اس محبوب مشغلہ کو بطور وراثت سنبھال کر ایک ایسی کتاب مرتب کر دی ہے جو قرآن عزیز جیسی مقدس کتاب کا عظیم الشان لغت کہلانے کی مستحق ہے۔ ۵۱۲ صفحات کی اس کتاب کے مرتب کرنے میں موصوف نے قدیم وجدید تفاسیر عربی واردو کو ہی سامنے نہیں رکھا بلکہ قرآن عزیز کے الفاظ کے حل کے سلسلہ میں ہند وپاک کے ساتھ ساتھ دنیائے عرب سے آنے والے قیمتی ذخیرہ لغات اور بعض دوسری کتب لغت کو بھی کھنگالا اور چھانا ہے، انہوں نے حروفِ تہجی کے اعتبار سے قرآن کے ایک ایک لفظ کے معانی ومفاہیم کو نہایت درجہ خوش اسلوبی کے ساتھ حل کیا ہے اور زبان کی لطافت وپاکیزگی کا خاص خیال رکھا ہے۔ کتاب میں مادہ کے بجائے الفاظِ قرآنی کو لکھ کر ان کا مطلب حل کیا گیا ہے کیونکہ مادہ تک رسائی ہر شخص کے بس کا کام نہیں۔ تمام الفاظ قرآنی رسم الخط میں لکھے گئے ہیں۔ ثلاثی مجرد کے ابواب سے متعلق الفاظ کے ساتھ ہی ساتھ قوسین میں اظہار کر دیا گیا ہے۔ اسی طرح مزید کے ابواب کا اہتمام کیا گیا ہے۔ جو الفاظ ایسے ہیں کہ ان کے آخری حرکات کے سبب متعدد مقامات پر آئے ہیں ان کو اسی طرح اپنے اپنے مقام پر درج کیا گیا ہے تاکہ پورا ذخیرہ سامنے رہے۔ جو الفاظ بطور مصدر آئے ہیں ان کے مشتقات اور جو مشتق آئے ہیں ان کے مصادر نیز مفردات کی جمع اور جمع کے مفردات کا اہتمام کیا گیا ہے ہر لفظ جس مقام پر آیا ہے اس سورۃ اور آیت کے نمبرات اوپر نیچے دے دیئے گئے ہیں۔ یعنی خط ڈال کر اوپر تو آیت کا نمبر اور نیچے سورۃ کا نمبر درج کر دیا گیا ہے جس کے ذریعہ کسی بھی

© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com